ششماہی رپورٹ

جون 2026ء

وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ

وافی
wafi

Investing in the
future





جیسا کہ وافی انرجی پاکستان مشترکہ مہارت اور امنگ کے سفر پر گامزن ہے، ہم
ایک بہترین مستقبل کی تشکیل کے لیے پر عزم ہیں۔

کمپنی کی
معلومات

بورڈ آف ڈائریکٹر

غسان العامودی (چیئرپرسن)
زبیر شیخ
جاوید اختر
ہنس کرسٹوف بوش
حبیب حیدر
وحید اے شیخ
ڈاکٹر عائشہ خان
ظفر اے خان
عامر آر پراچہ
بدرالدین ایف ویلانی
کائی اوئی وٹرسٹین

چیف ایگزیکٹو

زبیر شیخ

آڈٹ کمیٹی

ڈاکٹر عائشہ خان (چیئرپرسن)
جاوید اختر
بدرالدین ایف ویلانی
ہنس کرسٹوف بوش

کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے

ظفر اے خان (چیئرپرسن)
زبیر شیخ
کائی اوئی وٹرسٹین
جاوید اختر

کمپنی سیکرٹری

لالہ رخ حسین-شیخ

رجسٹرڈ دفتر

شیل ہاؤس، 6 چوہدری خلیق الزمان
روڈ، کراچی 75530 پاکستان

آڈیٹرز

ای وائے فورڈ رہوڈز

لیگل ایڈوائزرز

ویلانی اینڈ ویلانی، ایڈووکیٹس اینڈ سالیسیٹرز

رجسٹرار اور شیئر رجسٹریشن دفتر

فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

8 ایف، ہوٹل فاران سے متصل، نرسری،
بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس
شاہراہِ فیصل
کراچی-75400

ڈائریکٹرز کی رپورٹ

30 جون 2026ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے

عزیز شیئر ہولڈرز

کمپنی کے ڈائریکٹران 30 جون 2026ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے غیر آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے ساتھ اپنی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہیں۔

انتظامی امور، مارکیٹنگ اور تقسیم کاری کے اخراجات، مالی اور دیگر واجبات کی ادائیگی کے بعد 30 جون 2026ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے نفع درج ذیل تھا:

	روپے ملین میں
نفع قبل از ٹیکس	**3,461**
ٹیکس	(1,938)
30 جون 2026ء کو ختم ہونے والی مدت کا خالص نفع	**1,523**
	روپے
نفع فی شیئر–بنیادی اور سیال (diluted)	**7.12**

ذخائر کی کارروائی (موومنٹ) اور تصرفات ان مالی گوشواروں کے 09 پر ایکویٹی میں تبدیلیوں کے بیان میں ظاہر کیے گئے ہیں۔

کاروبار کی کارکردگی

دوسری سہ ماہی 2026ء کے دوران پاکستان کی مجموعی معاشی صورتِ حال سے مہنگائی کے دباؤ کی عکاسی ہوئی جو پہلی سہ ماہی میں متوقع تھی۔ مہنگائی میں تیزی سے اضافہ ہوا اور یہ مارچ کے 7.3 فیصد سے بڑھ کر مئی میں 11.7 فیصد تک پہنچ گئی، تاہم جون میں قدرے کم ہو کر 11.1 فیصد ہو گئی۔ اس اضافے کی بنیادی وجہ فیول کی قیمتوں میں اضافہ تھا۔

بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیشِ نظر، اسٹیٹ بینک (ایس بی پی) نے اپریل کے دوران پالیسی ریٹ میں 100 بیسس پوائنٹس کا اضافہ کرتے ہوئے اسے 11.5 فیصد کر دیا، جبکہ جون میں پالیسی ریٹ برقرار رکھا، جو محتاط طرزِ عمل کی عکاسی کرتا ہے۔ اس دوران، روپیہ 278 سے 280 روپے فی ڈالر کی حد میں مستحکم رہا۔

کمپنی جغرافیائی سیاسی کشیدگی، خام مال اور دیگر پیداواری لاگت میں اضافے اور سپلائی چین میں رکاوٹوں کے باعث پیدا ہونے والے مشکل کاروباری ماحول میں اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ انتظامیہ کی توجہ لاگت میں کمی، جاری سرمائے اور نقد بہاؤ کے مؤثر انتظام پر مرکوز ہے، جبکہ منافع برقرار رکھنے کے لیے قیمتوں کے تعین اور خریداری کی حکمتِ عملی میں حالات کے مطابق تبدیلیاں کی جارہی ہیں۔ جاری غیر یقینی صورتِ حال کے باوجود، کمپنی مالی نظم وضبط، آپریشنل عمدگی اور طویل مدتی پائیدار ترقی کو برقرار رکھنے کے لیے پُرعزم ہے۔

ان عوامل نے صنعت میں قیمتوں کے تعین کے رجحانات کو بھی متاثر کیا ہے۔ حکومتِ پاکستان نے صارفین کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے قیمتوں کے فرق کے دعوے کا (پی ڈی سی) نفاذ کیا، جس کے نتیجے میں 30 جون 2026ء تک حکومت سے 4.5 ارب روپے واجب الوصول تھے۔ کمپنی اپنے پی ڈی سی دعووں کی بروقت ادائیگی کے لیے متعلقہ حکام سے مسلسل رابطے میں ہے۔

مشکل کاروباری حالات کے باوجود، کمپنی نے 30 جون 2026ء کو ختم ہونے والی پہلی ششماہی کے دوران بعد از ٹیکس 1,523 ملین روپے کا منافع حاصل کیا۔ اس کارکردگی میں کاروبار کے مختلف زمروں میں مسلسل ترقی، سپلائی چین کے مؤثر انتظام، لاگت پر محتاط کنٹرول اور آپریشنل کارکردگی پر مسلسل توجہ نے اہم کردار ادا کیا۔ کمپنی نے موٹر فیول اور لبریکنٹس کے شعبوں میں بھی اپنی پوزیشن مزید مستحکم کی، جس سے مجموعی منافع میں مثبت اضافہ ہوا۔

لبریکنٹس

دورانِ مدت لبریکنٹس کے کاروبار میں صارفین اور صنعتی، دونوں زمروں میں مسلسل ترقی ہوئی، جسے نئی مصنوعات متعارف کرانے اور صارفین اور مکینکوں کے ساتھ روابط کو مضبوط بنانے کے لیے مسلسل سرمایہ کاری سے مدد ملی۔

صارفین کے زمرے میں سرگرمیوں کا مرکز شیل ہیلکس، ریمولا اور ایڈوانس کی مصنوعات تھیں۔ شیل ریمولا نے ویلیو، مین اسٹریم اور پریمیم ٹرانسپورٹ کے زمروں میں تین نئی مصنوعات متعارف کرا کے اپنی مصنوعات کی رینج کو وسعت دی۔ مسافر گاڑیوں کے زمرے میں، شیل ہیلکس نے اپنی پریمیم حیثیت کو مزید مستحکم کرنے کے لیے نئی شکل اور پیکیجنگ متعارف کرائی۔

کمال استاد پروگرام کے ذریعے مکینکوں کے ساتھ روابط کو مضبوط بنانا ایک اہم ترجیح تھا، جسے ابتدائی طور پر گذشتہ سال متعارف کرایا گیا تھا۔ تاہم فروری 2026ء کو ملک بھر میں اس کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔ اس عرصے کے دوران، اس پروگرام کو مکینکوں کی تعلیم و تربیت، انعامات، پذیرائی اور ڈیجیٹل روابط پر مشتمل اقدامات کے ذریعے وسعت دی گئی۔ اس سے شیل برانڈ کو مزید مستحکم کرنے، مکینک برادری کے ساتھ کاروباری تعلقات مضبوط بنانے اور لبریکنٹس کے پورٹ فولیو میں طویل مدتی ترقی کے لیے بنیاد کی تشکیل میں مدد ملی۔

صنعتی لبریکنٹس کے کاروبار نے اپنی مستحکم کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھا، اور اہم زمروں میں مضبوط رفتار برقرار رکھی جبکہ منظم حکمتِ عملی پر مؤثر عمل درآمد اور صارفین کی ضروریات کے مطابق حل فراہم کرتے ہوئے اپنی قائدانہ حیثیت کو مزید مستحکم کیا۔

موبیلٹی

2026ء کی دوسری سہ ماہی کے دوران، موبیلٹی کاروبار میں فیول کی ریٹیل فروخت کی پیشکش میں استحکام پر توجہ مرکوز رہی، جبکہ پورے نیٹ ورک میں نان فیول ریٹیل (این ایف آر) کی سہولیات کو بھی مسلسل بہتر بنایا گیا۔ فیول کی ریٹیل فروخت کاروبار کا بنیادی ستون رہی، جس میں شیل سپر اور شیل ڈیزل کی فروخت میں گذشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں اضافہ ہوا۔ اس ترقی میں نیٹ ورک کی توسیع اور آپریشنل عمدگی پر مسلسل توجہ نے اہم کردار ادا کیا۔

یہ کارکردگی ریٹیل نیٹ ورک میں مسلسل توسیع کی بدولت ممکن ہوئی۔ 2026ء کی پہلی ششماہی کے دوران پاکستان بھر میں شیل کے 32 نئی ریٹیل سائٹس قائم کی گئیں۔ اس کے علاوہ، شیل سلیکٹ کے 15 نئے اسٹورز متعارف کرائے گئے، جس سے سہولت پر مبنی ریٹیل فروخت کی پیشکش مزید مضبوط ہوئی اور ملک بھر میں صارفین کے تجربے کو بہتر بنانے میں مدد ملی۔

نان فیول ریٹیل (این ایف آر) کاروبار، بشمول الائنس پورٹ فولیو، نے مضبوط کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اس کارکردگی میں جنریشن 5 کے نئے شیل سلیکٹ اسٹورز کا آغاز، مصنوعات کی بہتر ترتیب، زیادہ فروخت ہونے والے اسٹاک کیپنگ یونٹس (ایس کے یوز) میں ہدفی بنیادوں پر اجافہ، اور ملک بھر میں نئے الائنس پارٹنرز کی شمولیت نے اہم کردار ادا کیا۔

ماحولیات، سماج اور نظم و نسق

وافی انرجی پاکستان اپنے کاروباری مقاصد کے ساتھ ساتھ لوگوں اور ماحول کے لیے قدر پیدا کرنے کے عزم پر کاربند ہے۔

دورانِ مدت، کمپنی کے نمایاں سماجی سرمایہ کاری پروگرام تعمیر کے ذریعے انٹرپرینیورز اور نئے کاروباری اداروں کی معاونت کا سلسلہ جاری رہا۔ تعمیر نے کراچی، جامشورو، لاہور، فیصل آباد، راولپنڈی اور اسلام آباد میں 9 نئے کاروباری مراکز اور شریک جامعات کے ذریعے نئے کاروبار شروع کرنے کے خواہش مند 300 سے زائد انٹرپرینیورز کو پروگرام میں شامل کیا اور 40 کاروباری آئیڈیاز کی تیاری میں مدد فراہم کی۔ اس پروگرام نے این آئی سی انویسٹر سمٹ، اوپن کراچی، اسٹارٹ اپ سنڈیکیٹ اور سندھ انٹرپرائز انکیوبیشن سینٹرز میں بھی شرکت کی، جس سے شراکت داریوں کو مضبوط بنانے اور پروگرام کی رسائی بڑھانے میں مدد ملی۔ ایف پی سی سی آئی، یو کے آئرلینڈ بزنس کونسل کے تعاون سے، تعمیر نے مقامی کاروباری اداروں کی آئرلینڈ تک توسیع میں مدد کے لیے ایک نشست کا بھی انعقاد کیا، جس میں قانونی تقاضوں، متعلقہ شعبوں کے امکانات، مارکیٹ میں طلب اور دستاویزی کارروائیوں کا احاطہ کیا گیا، جبکہ شرکا کو اس مارکیٹ میں پہلے سے کام کرنے والے مستحکم ڈسٹری بیوٹرز سے بھی متعارف کرایا گیا۔

ماحول کے حوالے سے، ہم نے 5 جون 2026ء کو عالمی یومِ ماحولیات منایا، جس کا موضوع تھا "فطرت سے تحریک، آب و ہوا اور ہمارے مستقبل کے لیے"۔ اس موقع پر شکارپور ٹرمینل کے عملے، میوچوئل ایڈ ایمرجنسی رسپانس پلان (ایم اے ای آر پی) فورم کے اراکین اور صنعتی نمائندوں نے موسمیاتی تبدیلی اور زیادہ پائیدار طریقۂ کار اپنانے کے لیے عملی اقدامات سے متعلق آگاہی نشست میں شرکت کی۔ جس کے بعد ٹرمینل کی حدود میں شجرکاری بھی کی گئی۔

ایچ ایس ایس ای

2026ء کی دوسری سہ ماہی کے دوران ایچ ایس ایس ای کی کارکردگی کا مرکز حفاظتی ثقافت کو مضبوط بنانے، آپریشنل برتری کو فروغ دینے اور منظم ایچ ایس ایس ای طریقۂ کار کے ذریعے ادارے کے ترقیاتی اہداف کی معاونت تھی۔ اس سہ ماہی کا ایک اہم سنگِ میل وافی انرجی پاکستان کے پہلے آزادانہ سیفٹی ڈے کا کامیاب انعقاد تھا، جو وافی انرجی کے ایس اے کے اشتراک سے "Built on Safety, Driven by Momentum" کے موضوع کے تحت منعقد کیا گیا۔ اس تقریب نے اس بات کو اجاگر کیا کہ کاروبار کی پائیدار ترقی صرف محفوظ آپریشنز اور وافی کے بطور ادارہ مختلف حصوں کے درمیان مضبوط تعاون کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

اس سہ ماہی کے دوران فیلڈ میں سرگرمیوں، ایچ ایس ایس ای آڈٹس، ہنگامی صورتِ حال سے نمٹنے کی سرگرمیوں اور کاروبار کے تمام زمروں میں حفاظتی بہتری کے اقدامات پر عمل درآمد کے ذریعے نگرانی اور آپریشنل مستعدی پر مسلسل توجہ دی گئی۔ خطرات کے پیشگی انتظام، ضوابط کی پابندی اور کاروباری ترقی میں ایچ ایس ایس ای کو شامل کرنے پر توجہ برقرار رہی، تاکہ کاروبار کے تمام زمروں میں مشکلات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت اور محفوظ انداز میں کام کی انجام دہی کو یقینی بنایا جاسکے۔

ایچ ایس ایس ای نے مقامی حکام کے ساتھ مل کر صنعت میں پہلی بار ہنگامی صورتِ حال سے نمٹنے کی ایک بڑی مشق کا بھی انعقاد کیا، جس سے ہنگامی ردِ عمل، مختلف اداروں کے درمیان معاونت اور آپریشنل مستعدی کو مزید مضبوط بنانے میں مدد ملی۔

بورڈ کی ہیئتِ ترکیبی

ڈائریکٹرز کی تعداد	مرد10	خواتین01
خود مختار ڈائریکٹر	04	
نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر	05	
ایگزیکٹو ڈائریکٹر	02	

جذبے، مستقل معاونت اور کمپنی پر اعتماد کے لیے ہم اپنے شیئر ہولڈرز، کسٹمرز، عملے اور دیگر فریقوں کے شکر گزار ہیں، اور ہم پاکستان کی سب سے بڑی انرجی کمپنی بننے کا اپنا سفر جاری رکھیں گے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

غسان العامودی
چیئرپرسن

زبیر شیخ
چیف ایگزیکٹو

کراچی: 27 اگست 2026ء

EY Ford Rhodes
Chartered Accountants
Progressive Plaza, Beaumont Road
P.O. Box 15541, Karachi 75530
Pakistan

UAN: +9221 111 11 39 37 (EYFR)
Tel: +9221 3565 0007-11
Fax: +9221 3568 1965
ey.khi@pk.ey.com
ey.com/pk

غیر جانب دار آڈیٹرز کے جائزے کی رپورٹ

شیل پاکستان لمیٹڈ کے ارکان کے لیے

جامع عبوری مالی بیانات کے جائزے پر رپورٹ

تعارف

ہم نے **وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ** (کمپنی) کی مالی صورتِ حال کے **30 جون 2026ء** تک چھ مہینوں کی مدت کے لیے منسلک کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں اور متعلقہ کنڈینسڈ عبوری مجموعی آمدنی کے گوشوارے، کنڈینسڈ عبوری رقوم کے بہاؤ کے گوشوارے، اور ایکویٹی میں تبدیلیوں کے کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے (جسے اب سے عبوری مالی گوشوارے کہا جائے گا) کا جائزہ لیا ہے۔ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات، جیسا کہ ان کا عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے پاکستان میں اطلاق ہے، کے مطابق انتظامیہ ان عبوری مالی گوشواروں کی تیاری اور پیش کرنے کی ذمہ دار ہے۔ ہماری ذمہ داری یہ ہے کہ ہم اپنے جائزے کی بنیاد پر ان عبوری مالی بیانات پر کسی نتیجے کا اظہار کریں۔

جائزے کا دائرہ کار

ہم نے اپنا جائزہ نظر ثانی کے بین الاقوامی معیارات 2410، "ادارے کے غیر جانب دار آڈیٹرز کی جانب سے عبوری مالی معلومات کا جائزہ" کے مطابق کیا ہے۔ عبوری مالی گوشواروں کا جائزہ، بنیادی طور پر مالی اور اکاؤنٹنگ کے معاملات کے ذمہ دار افراد سے سوالات، نیز تجزیاتی اور جائزے کے دیگر طریقہ ہائے کار کے اطلاق سے کیا گیا ہے۔ ایک جائزہ اپنے دائرہ کار کے اعتبار سے آڈیٹنگ کے بین الاقوامی معیارات سے ہم آہنگ کیے جانے والے آڈٹ کے مقابلے میں کم تر ہوتا ہے، لہٰذا ہمیں اس بات کی یقین دہانی نہیں دے سکتا کہ ہم ان تمام اہم امور سے بخوبی واقف ہو چکے ہیں جن کی نشاندہی کسی آڈٹ میں کی جا سکتی ہے۔ اس لیے ہم کسی آڈٹ رائے کا اظہار نہیں کریں گے۔

نتیجہ

ہم نے اپنے جائزے کی بنیاد پر یہ سمجھتے ہیں کہ یہ منسلک عبوری مالی گوشوارے تمام مادی اعتبار سے اچھی طرح تیار کیے گئے ہیں اور اور اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے عین مطابق ہیں جیسا کہ ان کا عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے پاکستان میں اطلاق ہے۔

دیگر امور

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی شق 237(1)(b) کے تقاضے کے مطابق، عبوری مالی گوشواروں میں پیش کردہ صرف ششماہی کے مجموعی اعداد و شمار کمپنی کے قانونی آڈیٹرز کی جانب سے محدود دائرۂ کار کے جائزے سے مشروط ہوتے ہیں۔ چنانچہ، 30 جون 2026ء اور 2025ء کو ختم ہونے والی سہ ماہیوں کے لیے مختصر عبوری منافع یا خسارے اور دیگر جامع آمدنی کے گوشوارے کے اعداد و شمار کا ہماری جانب سے جائزہ نہیں لیا گیا۔

آڈیٹرز کے اس غیر جانب دار جائزے کی رپورٹ کے آڈٹ نتائج کے شراکت دار جناب عمر چغتائی ہیں۔

Ey Ford Rhodes

چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس

مقام: کراچی

یو ڈی آئی این: RR202410120R11h23Yz8

تاریخ: 28 اگست 2026ء

مالی صورتِ حال

کا جامع عبوری بیان
بمطابق 30 جون 2026ء

	نوٹ	غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
		(ہزار روپے)	
اثاثے			
غیر حالیہ اثاثے			
جائیداد، پلانٹ اور آلات	5	26,590,561	25,824,299
حقِ استعمال کے اثاثے	6	10,628,371	9,768,470
غیر مادی اثاثے		2,683,182	3,067,332
طویل مدتی سرمایہ کاریاں	7	6,941,886	5,976,066
طویل مدتی قرضے		21,261	24,981
طویل مدتی ڈیپازٹس اور پیشگی ادائیگیاں		152,135	142,240
مؤخر ٹیکس	8	487,459	-
		47,504,855	44,803,388
جاری اثاثے			
زیرِ تجارت اسٹاک	9	51,897,335	45,090,268
تجارتی قرضے	10	12,799,866	9,847,773
قرضے اور ایڈوانسز		298,193	271,854
قلیل مدتی ڈیپازٹس اور پیشگی ادائیگیاں		388,077	370,823
دیگر واجبات	11	5,786,581	4,134,786
قلیل مدتی سرمایہ کاریاں		-	2,675,828
بینک بیلنس	12	8,428,501	9,336,963
		79,598,553	71,728,295
		127,103,408	116,531,683
مجموعی اثاثے			
ایکویٹی اور واجبات			
ایکویٹی			
مجاز سرمایہ حصص			
300,000,000 عام حصص (31 دسمبر 2025ء: 300,000,000)، ہر حصص کی مالیت 10 روپے ہے۔		3,000,000	3,000,000
جاری کردہ، سبسکرائب شدہ اور ادا شدہ سرمایہ حصص			
214,024,662 عام حصص (31 دسمبر 2025ء: 214,024,662)، ہر حصص کی مالیت 10 روپے ہے۔		2,140,246	2,140,246
پریمیم حصص		11,991,012	11,991,012
عمومی ذخائر		207,002	207,002
غیر مختص نفع		11,854,185	11,187,284
بعد استعمال نو پیمائش فوائد – حقیقی نقصان		(707,155)	(707,155)
دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت [FVOCI] کے طور پر درجہ بند ایکویٹی سرمایہ کاری کی نو پیمائش پر غیر حصولی نقصان		(5,000)	(5,000)
		25,480,290	24,813,389
واجبات			
غیر حالیہ واجبات			
اثاثوں کی واپسی کی ذمہ داری		355,205	419,896
طویل مدتی تموین		2,012,539	2,390,052
طویل مدتی اجارہ واجبات	13	11,663,891	10,605,608
طویل مدتی واجبات		2,121,559	2,064,690
مؤخر ٹیکس – خالص	8	-	382,885
بعد از ریٹائرمنٹ طبی فوائد کی فراہمی		219,289	207,417
		16,372,483	16,070,548
حالیہ واجبات			
تجارتی و دیگر واجب الادا	14	78,729,845	69,890,438
صارفین کی جانب سے وصول کردہ ایڈوانسز (معاہداتی واجبات)		2,519,842	2,209,862
غیر ادا شدہ منافع منقسمہ		33,473	25,500
بے دعویٰ منافع منقسمہ		229,815	233,628
ٹیکس – خالص		1,858,041	1,848,295
اثاثے کی ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری کا حالیہ حصہ		82,875	37,375
طویل مدتی تموین کا حالیہ حصہ		1,346,310	927,916
طویل مدتی اجارہ واجبات کا حالیہ حصہ	13	450,434	474,732
		85,250,635	75,647,746
اتفاقی مصارف و معاہدے	15		
مجموعی ایکویٹی اور واجبات		127,103,408	116,531,683

منسلک نوٹس 1 تا 23 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

ڈاکٹر عائشہ خان	زبیر فتح	ضرار محمود
ڈائریکٹر	چیف ایگزیکٹو	چیف فنانشل آفیسر

جامع آمدنی (غیر آڈٹ شدہ)

نفع و نقصان و دیگر کا جامع عبوری بیان

بمطابق 30 جون 2026ء

	نوٹ	شش ماہی اختتام شدہ 30 جون 2024ء	شش ماہی اختتام شدہ 30 جون 2023ء	سہ ماہی اختتام شدہ 30 جون 2024ء	سہ ماہی اختتام شدہ 30 جون 2023ء
		(ہزار روپے)			
سیلز		**307,632,344**	225,604,401	**170,906,879**	124,306,109
دیگر محاصل		**955,411**	714,881	**532,040**	421,115
		308,587,755	226,319,282	**171,438,919**	124,727,224
سیلز ٹیکس		**(5,546,699)**	(4,619,254)	**(2,970,327)**	(2,452,531)
خالص محاصل		**303,041,056**	221,700,028	**168,468,592**	122,274,693
فروخت شدہ مصنوعات کی لاگت		**(285,258,945)**	(207,760,761)	**(163,065,642)**	(114,621,679)
مجموعی نفع		**17,782,111**	13,939,267	**5,402,950**	—
تقسیم کاری اور مارکیٹنگ کے اخراجات		**(6,109,652)**	(5,312,226)	**(3,451,332)**	(2,967,397)
انتظامی اخراجات		**(5,365,006)**	(4,587,874)	**(2,341,171)**	(1,879,193)
دیگر اخراجات	16	**(3,715,966)**	(1,228,367)	**(2,265,750)**	(746,882)
دیگر آمدنی		**1,035,293**	999,647	**619,688**	139,581
آپریٹنگ نفع/(نقصان)		**3,626,780**	3,810,447	**(2,035,615)**	2,199,123
مالی لاگتیں		**(1,131,658)**	(1,169,705)	**(647,031)**	(568,378)
		2,495,122	2,640,742	**(2,682,646)**	1,630,745
معاون کے منافع کا حصہ – خالص ٹیکس		**965,820**	1,120,767	**569,886**	554,317
قبل از حتمی ٹیکس نفع/(نقصان)، کم از کم ٹیکس تفرق اور انکم ٹیکس		**3,460,942**	3,761,509	**(2,112,760)**	2,185,062
حتمی ٹیکس		**—**	(202,556)	**—**	(176,101)
کم از کم ٹیکس تفرق		**—**	(178,378)	**—**	(81,047)
نفع/(نقصان) قبل از ٹیکس		**3,460,942**	3,380,575	**2,760**	—
انکم ٹیکس		**(2,808,286)**	(2,024,972)	**809,265**	(1,622,230)
حالیہ		**870,344**	(77,981)	**662,096**	99,228
مؤخر		**(1,937,942)**	(2,102,953)	**1,471,361**	(1,523,002)
نفع/(نقصان) بعد از ٹیکس		**1,523,000**	277,622	**(641,339)**	—
دیگر جامع آمدنی					
وہ اشیا جن کی نو درجہ بندی بعد میں نفع و نقصان کے زمرے میں نہیں کی جائے گی					
معاون کی دیگر جامع (نقصان)/آمدنی کا حصہ – خالص ٹیکس			258,718	**(17,662)**	17,892
مدت کے لیے مجموعی جامع آمدنی/(نقصان)		**1,523,000**	1,259,960	**(641,399)**	422,804
		(ہزار روپے)			
آمدنی فی شیئر – بنیادی اور سیال		**7.12**	5.97	**(3.00)**	1.89

منسلک نوٹس 1 تا 23 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

ڈاکٹر عائشہ خان
ڈائریکٹر

زبیر شیخ
چیف ایگزیکٹو

ضرار محمود
چیف فنانشل آفیسر

ایکویٹی میں تبدیلیاں (غیر آڈٹ شدہ)

جامع عبوری بیان

بمطابق 30 جون 2026ء

	محفوظ سرمایہ		محفوظ محاصل				
	سرمایہ حصص	پریمیم حصص	عمومی ذخائر	مجموعی (نقصان)/ غیر مختص نفع	بعد استعمال منافع پر حقیقی نقصان	سرمایہ کاریوں کی نوقدر پیمائی پر غیر حصولی (نقصان)	کل
	----------(ہزار روپے)----------						
31 دسمبر 2024ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ)	**2,140,246**	**11,991,012**	**207,002**	**9,365,478**	**(641,179)**	**(5,000)**	**23,057,559**
نفع بعد از ٹیکس	-	-	-	1,277,622	-	-	1,277,622
مدت کے لیے دیگر جامع آمدنی–خالص ٹیکس	-	-	-	(17,662)	-	-	(17,662)
مدت کے لیے مجموعی جامع آمدنی	-	-	-	1,259,960	-	-	1,259,960
31 دسمبر 2024ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے حتمی نقد منافع منقسمہ، فی شیئر 5 روپے				(1,070,123)			(1,070,123)
30 جون 2025ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ)	**2,140,246**	**11,991,012**	**207,002**	**9,168,065**	**(641,179)**	**(5,000)**	**23,057,559**
31 دسمبر 2025ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ)	**2,140,246**	**11,991,012**	**207,002**	**11,187,284**	**(707,155)**	**(5,000)**	**24,813,389**
نفع بعد از ٹیکس	-	-	-	1,523,000	-	-	1,523,000
مدت کے لیے دیگر جامع آمدنی / (نقصان)–خالص ٹیکس	-	-	-		-	-	
مدت کے لیے مجموعی جامع آمدنی	-	-	-	1,523,000	-		1,523,000
31 دسمبر 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے حتمی نقد منافع منقسمہ، فی شیئر 5 روپے	-	-	-	(856,099)	-	-	(856,099)
30 جون 2026ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ)	**2,140,246**	**11,991,012**	**207,002**	**12,495,584**	**707,155)**	**(5,000)**	**25,480,290**

منسلک نوٹس 1 تا 23 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

ڈاکٹر عائشہ خان
ڈائریکٹر

زبیر شیخ
چیف ایگزیکٹو

ضرار محمود
چیف فنانشل آفیسر

رقوم کے بہاؤ (غیر آڈٹ شدہ)

جامع عبوری بیان

بمطابق 30 جون 2026ء

	نوٹ	30 جون 2026ء	30 جون 2025ء
		(ہزار روپے)	
آپریٹنگ سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ			
آپریشنز سے حاصل ہونے والی رقوم	18	**2,748,485**	14,041,067
اجارہ واجبات کا ادا شدہ سودی حصہ		**(741,188)**	(557,941)
پنشن اور گریجویٹی اسکیم پر ادائیگی		**(9,641)**	(7,825)
عملے کو ملازمت سے جواب دہی کے منصوبے کی ادائیگی		**-**	(12,056)
ادا شدہ انکم ٹیکس		**(2,798,540)**	(345,740)
ادا شدہ حتمی ٹیکس		**-**	(202,556)
ادا شدہ کم از کم ٹیکس کا تفرق		**-**	(178,378)
طویل مدتی قرضے		**(40,955)**	2,109
طویل مدتی ڈپازٹس اور پیشگی ادائیگیاں		**(9,895)**	16,386
طویل مدتی تموین پر ادائیگیاں		**(129,977)**	(345,602)
آپریٹنگ سرگرمیوں میں (مستعمل) / حاصل شدہ خالص رقوم		**(981,711)**	12,409,464
سرمایہ کاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ			
معین سرمایہ جاتی اخراجات		**(2,290,647)**	(1,420,620)
آپریٹنگ اثاثوں کے تلف کرنے پر وصولیاں		**57,088**	58,598
جاری سرمائے کے تلف کیے جانے سے حاصل ہونے والی وصولیاں		**-**	11,000
اوپن اینڈڈ شریعت سے ہم آہنگ میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کا اخراج		**-**	5,527,029
معاون سے حاصل ہونے والا مقسومہ		**-**	1,170,000
سیونگ اکاؤنٹس سے حاصل ہونے والا سود		**766,855**	667,810
ٹریژری بل پر سود		**-**	71,993
ٹرم ڈپازٹس پر سود		**107,342**	36,973
سرمایہ کاری سرگرمیوں میں (مستعمل) / حاصل شدہ خالص رقوم		**(1,359,362)**	6,122,783
فنانسنگ کی سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ			
اجارہ واجبات کا ادا شدہ زرِ اصل		**(391,278)**	(257,501)
ادا شدہ مقسومے		**(851,939)**	(1,093,377)
فنانسنگ سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم		**(1,243,217)**	(1,350,878)
رقم اور رقم کے مساوی اشیا میں خالص اضافہ		**(3,584,290)**	17,181,369
مدت کے آغاز پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا		**12,012,791**	9,870,423
مدت کے اختتام پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا	18.2	**8,428,501**	27,051,792

منسلک نوٹس 1 تا 23 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

ضرار محمود	زبیر فتح	ڈاکٹر عائشہ خان
چیف فنانشل آفیسر	چیف ایگزیکٹو	ڈائریکٹر

مالی گوشوارے (غیر آڈٹ شدہ)

جامع عبوری کے نوٹس
30جون2026ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے

1 کمپنی اور اس کے آپریشنز

1.1 وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ ("کمپنی") ایک محدود واجبہ کمپنی ہے جو متروک کمپنیز ایکٹ، 7 برائے 1913 (اب کمپنیز ایکٹ 1917ء) (ایکٹ) کے تحت 28 جون 1969 کو پاکستان میں قائم کی گئی اور جو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ ہے۔ کمپنی وافی انرجی ہولڈنگ لمیٹڈ (پیرنٹ کمپنی) کی ذیلی کمپنی ہے۔

1.2 کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری و مارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔ کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر شیل ہاؤس، 6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی، پاکستان پر واقع ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 10 فروری 2026ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں دبئی، متحدہ عرب امارات کے دبئی ملٹی کموڈٹیز سینٹر فری زون میں 5 لاکھ امریکی ڈالر تک کی سرمایہ کاری سے ایک مکمل ملکیتی ذیلی کمپنی قائم کرنے کی منظوری دی۔ اس ذیلی کمپنی کے قیام کا مقصد پاکستان سے باہر کمپنی کی کاروباری اور تجارتی سرگرمیوں کو وسعت دینا ہے۔ اس لین دین کی تکمیل اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی منظوری کے حصول اور دیگر قابلِ اطلاق قانونی اور ضوابطی تقاضے پورے کرنے سے مشروط ہے۔

2 آپریشنز کی بنیادیں

2.1 یہ جامع عبوری مالی گوشوارے ان اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے مطابق تیار کیے گئے ہیں جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے۔ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، درج ذیل ہیں:

- بین الاقوامی اکاؤنٹنگ معیار 34 (IAS)، "عبوری مالی رپورٹنگ"، جو کہ انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ (IASB) کی جانب سے جاری کردہ اور ایکٹ کے تحت مشتہر کیا گیا تھا؛ اور
- ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے اور شرائط

جہاں کہیں ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے کی شرائط IAS 34 کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں تھیں، وہاں ایکٹ کے ہدایت نامے کی شرائط پر عمل کیا گیا ہے۔

یہ جامع عبوری مالی بیانات، جو کہ کمپنی کے لیے ششماہی اختتام 30 جون 2026ء تک کے لیے تیار کیے گئے ہیں، اور غیر آڈٹ شدہ ہیں۔

2.2 30 جون 2026ء کو ختم ہونے والی ششماہی کے لیے کمپنی کے یہ کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات غیر آڈٹ شدہ ہیں، تاہم کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 237 کے تحت قانونی آڈیٹرز کی جانب سے ان کا محدود دائرۂ کار کا جائزہ لیا جانا ضروری ہے۔ یہ کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات پاکستان اسٹاک ایکسچینج اور شیئر ہولڈرز کو جمع کروائے جا رہے ہیں۔

2.3 30 جون 2026ء اور 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والی سہ ماہیوں کے لیے جامع آمدنی کے کنڈینسڈ عبوری بیانات کے اعداد و شمار کا کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز نے جائزہ نہیں لیا، کیونکہ انہوں نے 30 جون 2026ء اور 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والی ششماہی کے لیے مجموعی اعداد و شمار کا جائزہ لیا ہے۔ ان کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات میں وہ تمام معلومات اور انکشافات شامل نہیں ہیں جو سالانہ مالی بیانات کے لیے درکار ہیں اور جنھیں 31 دسمبر 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ مالی بیانات کے ساتھ ملا کر پڑھنا ضروری ہے۔

3 اکاؤنٹنگ کے نمایاں تخمینے، مفروضات اور فیصلے

3.1 ان جامع عبوری مالی بیانات کی تیاری منظور شدہ اکاؤنٹنگ معیارات کے مطابق کی گئی ہے، جن کے تحت بعض اہم اکاؤنٹنگ تخمینوں اور مفروضوں کا استعمال ضروری ہے۔ اس کے علاوہ، کمپنی کی اکاؤنٹنگ پالیسیوں کے اطلاق کے عمل میں مینجمنٹ کو اپنے صوابدیدی فیصلے بھی استعمال کرنا ہوتے ہیں۔ تخمینوں، مفروضوں اور فیصلوں کا مسلسل جائزہ لیا جاتا ہے، اور یہ سابقہ تجربات اور دیگر عوامل پر مبنی ہوتے ہیں، جن میں مستقبل کے واقعات سے متعلق توقعات بھی شامل ہیں، جنہیں موجودہ حالات میں معقول سمجھا جاتا ہے۔ تاہم، حقیقی نتائج ان تخمینوں سے مختلف ہو سکتے ہیں۔

3.2 ان جامع عبوری مالی بیانات کی تیاری کے دوران، کمپنی کی اکاؤنٹنگ پالیسیوں کے اطلاق میں مینجمنٹ کی جانب سے کیے گئے اہم فیصلے اور تخمینوں میں غیر یقینی صورت حال کے بنیادی ذرائع وہی تھے جو 31 دسمبر 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی بیانات کی تیاری میں استعمال کیے گئے تھے۔

4 اکاؤنٹنگ پالیسی کی اہم معلومات

4.1 ان جامع مالی بیانات کی تیاری میں استعمال کیے گئے اکاؤنٹنگ پالیسیاں اور حسابی طریقہ کار وہی ہیں جن کا اطلاق 31 دسمبر 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی

بیانات کی تیاری میں کیا گیا تھا۔ سوائے موجودہ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات میں بعض ترامیم کے، جو یکم جنوری 2026ء یا اس کے بعد شروع ہونے والے اکاؤنٹنگ ادوار کے لیے کمپنی پر لاگو ہوئی ہیں۔ ان ترامیم کو یا تو کمپنی کے لیے غیر متعلقہ سمجھا گیا ہے یا ان کے کوئی نمایاں اثرات مرتب نہیں ہوتے؛ لہٰذا، ان کی تفصیلات ان جامع عبوری مالیاتی بیانات میں شامل نہیں کی گئی ہیں۔

4.2 کمپنی نے کسی ایسے معیار، تشریح یا ترمیم کو قبل از وقت اختیار نہیں کیا ہے جو ابھی تک نافذ العمل نہیں ہوئی۔

4.3 کمپنی سال کے اختتام پر سالانہ حقیقی قیمت بندی کے طریقے پر عمل کرتی ہے۔ لہٰذا، بعد ملازمت فوائد کے منصوبوں کی از سر نو پیمائش کے اثرات کو ان جامع عبوری مالی بیانات میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔

		غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
5	**جائیداد، پلانٹ اور آلات**	نوٹ	----------(ہزار روپے)----------
	آپریٹنگ اثاثے	5.1	**22,995,818**	21,679,622
	آپریٹنگ اثاثوں پر ضرر کی فراہمی		**(278,281)**	(176,474)
			22,717,537	21,503,148
	جاری کام پر سرمایہ	5.2	**3,958,493**	4,321,151
	جاری کام پر سرمائے کے لیے ضرر کی فراہمی		**(85,469)**	-
			3,873,024	4,321,151
			26,590,561	25,824,299

5.1 مدت / سال کے دوران آپریٹنگ اثاثوں میں ہونے والی نقل و حرکت کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

ابتدائی خالص کتابی مالیت	**21,503,148**	19,942,659
دوران مدت / سال اثاثوں میں اضافہ / ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری کے تخمینے پر نظر ثانی	**2,615,681**	3,786,359
مدت / سال کے دوران فروخت شدہ یا تلف کیے گئے اثاثے — خالص کتابی مالیت	**(82,967)**	(49,728)
مدت / سال کے لیے فرسودگی کا خرچ	**(1,216,518)**	(2,176,142)
مدت / سال کے دوران اثاثوں کی قدر میں کمی کا خرچ 5.1.3	**(101,807)**	—
اختتامی خالص کتابی مالیت	**22,717,537**	21,503,148

5.1.1 آپریٹنگ اثاثوں میں اضافے، بشمول دورانِ مدت جاری کام پر سرمایے کی منتقلی درج ذیل تھیں:

	غیر آڈٹ شدہ شش ماہی کے اختتام پر 30 جون 2026ء	30 جون 2025ء
	----------(ہزار روپے)----------	
مکمل ملکیتی زمین پر عمارتیں	**3,725**	95,646
اجارہ والی زمین پر عمارتیں	**229,581**	654,552
ٹینک اور پائپ لائنز	**343,353**	324,187
پلانٹ اور مشینری	**248,297**	269,867
ایئر کنڈیشننگ پلانٹ	**23,868**	15,621
لفٹس	**4,942**	25,512
تقسیم کاری پمپ	**131,998**	132,762
رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں	**96,131**	-
برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات	**275,312**	427,755
فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے	**258,297**	626,542
کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان	**53,184**	43,237
	1,668,688	2,615,681

5.1.2 دورانِ مدت درج ذیل اثاثے متروک / تلف کر دیے گئے:

	لاگت	مجموعی فرسودگی	خالص کتابی قیمت
		(ہزار روپے)	
30 جون 2026ء (غیر آڈٹ شدہ)			
اجارہ والی زمین پر عمارتیں	**99,007**	**55,912**	**43,095**
ٹینک اور پائپ لائنز	**19,912**	**9,944**	**9,968**
پلانٹ اور مشینری	**2,390**	**2,233**	**157**
ایئر کنڈیشننگ پلانٹ	**179**	**31**	**148**
لفٹس	**221**	**116**	**105**
تقسیم کاری پمپ	**19,777**	**10,539**	**9,238**
رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں	**2,880**	**2,880**	**-**
برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات	**76,179**	**71,616**	**4,563**
فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے	**26,019**	**10,326**	**15,693**
کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان	**4,666**	**4,666**	**—**
	251,230	**168,263**	**82,967**
30 جون 2025ء (غیر آڈٹ شدہ)			
مکمل ملکیتی زمین پر عمارتیں	13,621	9,821	3,800
اجارہ والی زمین پر عمارتیں	209	34	175
ٹینک اور پائپ لائنز	6,693	2,866	3,827
پلانٹ اور مشینری	12,215	8,296	3,919
تقسیم کاری پمپ	16,676	14,696	1,980
رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں	78,954	47,753	31,201
برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات	19,067	16,646	2,421
فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے	1,405	701	704
کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان	2,016	2,016	-
	150,856	102,829	48,027

	نوٹ	غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
		(ہزار روپے)	
5.2 **جاری کام پر سرمایہ**			
اجارہ والی زمین پر عمارتیں		**2,612,844**	2,612,351
ٹینک اور پائپ لائنز		**888,446**	1,187,712
پلانٹ اور مشینری		**240,241**	354,427
رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں		**61,155**	
برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات		**16,247**	72,833
فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے		**54,091**	93,828
	5.2.1	**3,873,024**	4,321,151

5.2.1 **مدت / سال کے دوران زیرِ تکمیل سرمایہ جاتی کام میں ہونے والی نقل و حرکت کی تفصیلات درج ذیل ہیں:**

مدت / سال کے آغاز پر بیلنس		**4,321,151**	3,123,873
مدت / سال کے دوران اضافے		**2,290,647**	4,809,068
مدت / سال کے دوران آپریٹنگ اثاثوں میں منتقلی		**(2,653,305)**	(3,611,790)
مدت / سال کے دوران اثاثوں کی قدر میں کمی کے لیے مختص رقم	5.2.3	**(85,469)**	—
مدت / سال کے اختتام پر بیلنس		**3,873,024**	4,321,151

5.2.2 دوران مدت زیر تکمیل سرمایہ جاتی کاموں میں درج ذیل اضافے ہوئے:

	غیر آڈٹ شدہ 30جون2026ء	غیر آڈٹ شدہ ششماہی کے اختتام پر 30جون2025ء
	(ہزار روپے)	
مکمل ملکیتی زمین پر عمارتیں	95,646	3,725
اجارہ والی زمین پر عمارتیں	655,045	654,007
ٹینک اور پائپ لائنز	62,545	13,864
پلانٹ اور مشینری	155,681	26,515
ایئر کنڈیشننگ پلانٹ	15,621	23,868
لفٹس	25,512	4,942
تقسیم کاری پمپ	132,762	131,998
رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں	61,155	96,131
برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات	371,169	154,163
فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے	586,805	259,852
کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان	43,237	53,184
	2,205,178	1,422,249

5.2.3 دوران مدت زیرِ تکمیل سرمایہ جاتی کاموں میں درج ذیل اضافے ہوئے:

6 حقِ استعمال کے اثاثے

دورانِ مدت / سال استعمال کے حق کے اثاثوں میں ہونے والی تبدیلیوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

	نوٹ	غیر آڈٹ شدہ 30جون2026ء	غیر آڈٹ شدہ ششماہی کے اختتام پر 30جون2025ء
		(ہزار روپے)	
اوپننگ خالص کتابی قدر		9,768,470	6,739,378
مدت / سال کے دوران اضافے	6.1	1,580,645	5,364,839
مدت / سال کے دوران ختم کیے گئے اثاثے – خالص کتابی قدر		(121,648)	(847,458)
مدت / سال کے لیے فرسودگی کا خرچ		(599,096)	(1,488,289)
کلوزنگ خالص کتابی مالیت		10,628,371	9,768,470

6.1 اس سے مراد وہ زمین ہے جو کمپنی نے اپنے ریٹیل مقامات کے لیے لیز پر حاصل کی ہے۔

7 طویل مدتی سرمایہ کاریاں

ایک غیر درج شدہ معاون پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ (پیپکو) میں 26 فیصد (31 دسمبر 2025ء: 26 فیصد) کی سرمایہ کاری شامل ہے، جو اکاؤنٹنگ کے زیرِ ایکویٹی طریقے پر کی گئی، جس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

	نوٹ	غیر آڈٹ شدہ 30جون2026ء	آڈٹ شدہ 31دسمبر2025ء
		(ہزار روپے)	
مدت / سال کے آغاز پر بیلنس		5,976,066	5,975,703
مدت / سال کے دوران قبل از ٹیکس منافع پر حصہ		1,519,785	3,210,334
مدت / سال کے دوران ٹیکس کا حصہ		(553,965)	(1,250,390)
		965,820	1,959,944
مدت / سال کے دوران دیگر جامع نقصان کا حصہ قبل از ٹیکس		-	(23,236)
مدت / سال کے دوران ٹیکس کا حصہ		-	9,062
		-	(14,174)
مدت / سال کے دوران موصول شدہ مقسومہ		-	(1,945,407)
مدت / سال کے اختتام پر بیلنس		6,941,886	5,976,066

8 مؤخر ٹیکس-خالص

قابلِ ٹیکس عارضی فرق، جو درج ذیل کے حوالے سے پیدا ہوتا ہے:

غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
2,633,585	2,689,990
1,166,074	1,023,350
3,799,659	3,713,340

قابلِ کٹوتی عارضی فرق، جو درج ذیل کے حوالے سے پیدا ہوتا ہے:

(3,655,998)	(2,737,743)
(81,137)	(80,892)
(180)	(190)
(549,803)	(511,630)
(4,287,118)	(3,330,455)

- تموین
- ملازمین کے بعد از ملازمت فوائد
- غیر مادی اثاثے
- لیز واجبات – خالص

9 زیرِ تجارت اسٹاک

غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء	نوٹ	
			خام مال اور پیکنگ کا سامان
5,999,175	6,050,623		- اسٹاک میں موجود
964,576	2,072,413		- ٹرانزٹ میں موجود
6,963,751	8,123,036		متروک اور کم مستعمل اسٹاک کی فراہمی
(50,546)	(54,751)	7.1	
6,913,205	8,068,285		
			تیار مصنوعات
28,440,440	28,648,559		- اسٹاک اور پائپ لائن سسٹم میں موجود
16,571,818	8,411,616	9.2	- وائٹ آئل پائپ لائن میں موجود
45,012,258	37,060,175	9.1	متروک اور کم مستعمل اسٹاک کی فراہمی
(28,128)	(38,192)		
44,984,130	37,021,983		
51,897,335	45,090,268		

9.1 اس میں 29,839,117 ہزار روپے کی لاگت والی اشیا شامل ہیں (31 دسمبر 2025ء: 18,480,591 ہزار روپے)، جن کی مالیت کا تعین 24,724,373 ہزار روپے کی خالص قابلِ حصول مالیت پر کیا گیا ہے (31 دسمبر 2025ء: 17,893,521 ہزار روپے)۔

9.2 اس سے مراد پیپکو (ایک معاون کمپنی) کے پاس موجود اسٹاک ہے۔

9.3 متروک اور سست رفتار سے فروخت ہونے والے اسٹاک کے لیے مختص رقم میں ردوبدل کی تفصیل درج ذیل ہے:

غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء	نوٹ	
92,943	306,797		مدت / سال کے آغاز پر بیلنس
78,674	92,943		مدت / سال کے دوران تموین
(92,943)	(306,797)		مدت / سال کے دوران استرداد
(14,269)	(213,854)		
78,674	92,943		مدت / سال کے اختتام پر بیلنس

10 تجارتی قرضے

			اچھے سمجھے جانے والے
1,125,803	975,186		- محفوظ
11,674,063	8,872,587		- غیر محفوظ
12,799,866	9,847,773		
481,835	467,732	10.1	مشکوک سمجھے گئے
13,281,701	10,315,505		
(481,835)	(467,732)		متوقع کریڈٹ نقصان کے لیے الاؤنسز
12,799,866	9,847,773		

10.1 مندرجہ ذیل معاون کمپنیوں کے واجبات شامل ہیں:

	30جون2026ء	31دسمبر2025ء
ویلانی اینڈ ویلانی	1,861	1,546
ڈیٹاچیک (پرائیویٹ) لمیٹڈ	103	130
اقوامِ متحدہ کا ادارہ برائے اطفال (یونیسیف)	2,091	1,394
لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ	141,244	271,408
یونی لیور پاکستان لمیٹڈ	15,183	13,632
	160,670	288,235

11 دیگر واجب الادا	نوٹ	غیر آڈٹ شدہ 30جون2026ء	آڈٹ شدہ 31دسمبر2025ء
		(ہزار روپے)	
پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی اور دیگر ڈیوٹیاں		1,380,029	1,380,029
قیمت کے تفرق کے دعوے			
-درآمدی خریداریوں پر		295,733	295,733
-ہائی اسپیڈ ڈیزل (ایچ ایس ڈی) پر		343,584	343,584
-درآمدی موٹر گیسولین پر		195,925	195,925
-فیول کی سپلائی پر	11.1	4,548,390	-
کسٹم ڈیوٹی پر واجبات		44,413	44,413
قابلِ واپسی سیلز ٹیکس		417,376	-
ایک معاون کمپنی-پیپکو کی جانب سے واجب الادا لاگتِ خدمت		6,111	92,596
ملازمین کے منافعوں میں شراکت کا فنڈ		8,333	29,770
آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کی جانب سے واجبات		13,910	13,910
قابلِ واپسی سیلز ٹیکس		2,759,554	2,344,404
لیٹر آف کریڈٹ پر مارجن		-	469,163
ڈیلرز کی جانب سے واجبات		632,794	945,303
جمع شدہ مارک اَپ		176,573	97,497
		53,249	245,462
دیگر		10,875,974	6,497,789
ضرر پر فراہمی	11.2	(5,089,393)	(2,363,003)
		5,786,581	4,134,786

11.1 اس سے مراد موٹر گیسولین اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی فروخت پر آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) سے قیمتوں کے فرق کے دعووں کے تحت قابلِ وصول رقم ہے۔ یہ دعوے اوگرا کی جانب سے مطلع کردہ نرخوں کی بنیاد پر کیے گئے تھے، جن کا مقصد پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو سبسڈی دے کر آخری صارفین پر پڑنے والے مالی بوجھ کو محدود رکھنا تھا۔

11.2 مضرت پر فراہمی		غیر آڈٹ شدہ 30جون2026ء	آڈٹ شدہ 31دسمبر2025ء
		(ہزار روپے)	
مدت / سال کے آغاز پر بیلنس		2,363,003	2,363,003
مدت / سال کے دوران تموین	11.3	2,726,390	
مدت / سال کے اختتام پر بیلنس		5,089,393	2,363,003

11.3 اس سے مراد اوگرا سے فیول کی فراہمی پر قیمتوں کے فرق کے دعووں کے تحت قابلِ وصول رقم کے لیے مختص کی گئی رقم ہے۔

		غیر آڈٹ شدہ 30جون2026ء	آڈٹ شدہ 31دسمبر2025ء
		----------(ہزار روپے)----------	
12 بینک بیلنس			
کرنٹ اکاؤنٹس	12.1	1,254,574	998,544
سیونگ اکاؤنٹس	12.2	7,173,927	8,338,419
		8,428,501	9,336,963

12.1 ان پر سالانہ 8.25 فیصد سے 11.50 فیصد تک شرح سود لاگو ہوتی ہے (31دسمبر2025ء: 8.00 فیصد سے 10.90 فیصد تک)۔

12.2 اس میں درج ذیل معاون کمپنیوں کے کرنٹ اور سیونگ اکاؤنٹس میں موجود رقوم شامل ہیں۔

	غیر آڈٹ شدہ 30جون2026ء	آڈٹ شدہ 31دسمبر2025ء
	----------(ہزار روپے)----------	
اسٹینڈرڈ چارٹرڈ پاکستان لمیٹڈ		
-کرنٹ اکاؤنٹس	1,221,604	689,663
-سیونگ اکاؤنٹس	502,642	492,470
	1,724,246	1,182,133
بینک الفلاح لمیٹڈ		
-کرنٹ اکاؤنٹس	23,582	8,610

		غیر آڈٹ شدہ 30جون2026ء	آڈٹ شدہ 31دسمبر2025ء
		----------(ہزار روپے)----------	
13 لیز واجبات			
مدت / سال کے آغاز پر بقایا رقم		11,080,340	7,410,432
مدت / سال کے دوران اضافے		1,580,645	5,364,839
مدت / سال کے لیے سود کا اضافہ		741,188	1,295,263
مدت / سال کے دوران ادا کردہ لیز کرایہ		(1,132,466)	(1,990,812)
مدت / سال کے دوران ختم کی گئی لیزیں		(155,382)	(999,382)
مدت / سال کے اختتام پر بقایا رقم		12,114,325	11,080,340
طویل مدتی لیز واجبات کا موجودہ حصہ		450,434	474,732
طویل مدتی لیز واجبات		11,663,891	10,605,608

		غیر آڈٹ شدہ 30جون2026ء	آڈٹ شدہ 31دسمبر2025ء
		----------(ہزار روپے)----------	
14 تجارتی و دیگر واجبات			
قرض دہندگان	14.1	65,610,264	57,001,927
جمع شدہ واجبات		8,331,426	8,218,302
سیکیورٹی ڈپازٹس		602,809	549,918
اندرونِ ملک مال برداری کے اخراجات میں توازن کی مد		3,011,417	2,282,242
قابلِ ادائیگی سیلز ٹیکس		—	216,498
ملازمین کے بعد از ملازمت فوائد کی اسکیمیں		270,410	745,032
ورکرز ویلفیئر فنڈ		900,004	875,708
دیگر		3,515	811
		78,729,845	69,890,438

14.1 درج ذیل ایسوسی ایٹ اداروں کے واجبات شامل ہیں:

بلھے شاہ پیکیجنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ	35,082	30,568
دی آغا خان ہاسپٹل اینڈ میڈیکل کالج فاؤنڈیشن	1,817	2,420
	36,899	32,988

15 اتفاقی مصارف اور معاہدات

15.1 اتفاقی مصارف

اتفاقی مصارف کے حوالے سے 31 دسمبر 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے نوٹ 25.1 میں بتائی گئی صورتِ حال میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے ماسوا درج ذیل کے:

15.1.1 دورانِ مدت، ڈپٹی کمشنر ان لینڈ ریونیو (ڈی سی آئی آر) نے 15 اپریل 2026ء اور 30 اپریل 2026ء کے احکامات کے ذریعے بالترتیب ٹیکس سال 2023ء اور 2022ء کے لیے 143,163 ہزار روپے اور 237,337 ہزار روپے کے ٹیکس مطالبات عائد کیے۔ ان احکامات کے تحت، وفاقی آئینی عدالت کے 27 جنوری 2026ء کے فیصلے کے بعد، سپر ٹیکس کی ادائیگی میں تاخیر کے حوالے سے انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کی دفعہ 205 کے تحت تاخیر سے ادائیگی پر سرچارج ادا نہ کرنے کے باعث کمپنی کو نادہندہ قرار دیا گیا۔ کمپنی نے ان احکامات کے خلاف کمشنر ان لینڈ ریونیو (اپیلز) [سی آئی آر (اے)] کے پاس اپیلیں دائر کر دی ہیں، جن پر فیصلہ ہونا ابھی باقی ہے۔ مزید برآں، کمپنی نے ان احکامات سے متعلق وصولی کی کارروائی کے خلاف سندھ ہائی کورٹ سے حکمِ امتناع حاصل کر رکھا ہے۔

15.1.2 2025ء میں، ڈپٹی کمشنر ان لینڈ ریونیو (ڈی سی آئی آر) نے ٹیکس سال 2021ء کے ٹیکسوں کی نگرانی کے سلسلے میں 27 نومبر 2025ء کو ایک حکم جاری کیا، جس کے تحت کمپنی کو انوائس پر دی جانے والی رعایتوں اور تھرڈ پارٹی اخراجات، بشمول تنخواہوں، اجرتوں اور مراعات پر ودہولڈنگ ٹیکس کٹوتی اور جمع نہ کرانے کے باعث نادہندہ قرار دیا گیا۔ اس میں ڈیفالٹ سرچارج بھی شامل تھا، اور مجموعی واجب الادا رقم 1,001,008 ہزار روپے مقرر کی گئی۔ کمپنی نے ڈی سی آئی آر کے اس حکم کے خلاف کمشنر ان لینڈ ریونیو (اپیلز) کے پاس اپیل دائر کی اور انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کی دفعہ 140 کے تحت کسی بھی قسم کی وصولی کی کارروائی سے حکمِ امتناع حاصل کرنے کے لیے واجب الادا مطالبے کی 10 فیصد رقم ادا کی۔ 16 مارچ 2026ء کو، کمشنر ان لینڈ ریونیو (اپیلز) کا حکم کالعدم قرار دے دیا اور مقدمے کا فیصلہ کمپنی کے حق میں کر دیا۔

15.2 معاہدات

		غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
		----------(ہزار روپے)----------	
سرمایہ جاتی اخراجات کے لیے	15.2.1	1,068,691	3,075,441
واجب الادا لیٹر آف کریڈٹ		33,924,213	29,960,888
واجب الادا بینک گارنٹیاں		3,240,623	3,136,902
واجب الادا بینک معاہدے		533,504	588,186
تاریخ ماقبل چیک		69,531,761	62,894,899

15.2.1 یہ کسٹمز ایکٹ، 1969ء کے مطابق کلکٹر آف کسٹمز، پورٹ قاسم اور کراچی پورٹ ٹرسٹ کے پاس بطور ضمانت جمع کرائے گئے ہیں، تاکہ فنانس ایکٹ، 2005ء کے تحت مطلوبہ تقاضوں کے مطابق درآمدات پر عائد ہونے والے محصولات اور ٹیکسوں کی ادائیگی کی ذمہ داری کو مناسب طور پر پورا کرنے کی ضمانت فراہم کی جا سکے۔ ان چیکس کی تاریخ میعاد یکم جنوری 2027ء تک ہے۔

15.2.2 معاہدات میں معاون کمپنیوں سے مندرجہ ذیل شامل ہیں

	غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
	----------(ہزار روپے)----------	
اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ		
زیرِ التوا لیٹرز آف کریڈٹ	2,214,570	635,848
زیرِ التوا بینک ضمانتیں	2,348,381	2,355,506
زیرِ التوا بینک معاہدے	12,907	4,185
بینک الفلاح لمیٹڈ		
زیرِ التوا لیٹرز آف کریڈٹ	2,714,140	7,217,188
زیرِ التوا بینک معاہدے	288,175	421,507

16 دیگر اخراجات

اس میں دیگر قابلِ وصول رقوم کی قدر میں کمی کے لیے 2,726,390 ہزار روپے کی تموین (30 جون 2025ء: صفر)، متوقع قرضی نقصان کے لیے 14,186 ہزار روپے کی الاؤنس (30 جون 2025ء: 41,432 ہزار روپے) اور شرحِ مبادلہ سے حاصل ہونے والا خالص نقصان، جو 447,294 ہزار روپے ہے (30 جون 2025ء: 1,010,697 ہزار روپے)، شامل ہے۔

17 متعلقہ فریقوں کے لین دین

کمپنی کے متعلقہ فریقوں میں پیرنٹ کمپنی، مشترکہ ڈائریکٹر شپ رکھنے والی کمپنیاں، معاون کمپنی، ملازمین کے ریٹائرمنٹ فنڈز، ڈائریکٹرز اور کلیدی انتظامی عہدیداران شامل ہیں۔ متعلقہ فریقوں کے ساتھ تمام لین دین معمول کے کاروباری امور کے دوران باہمی طور پر طے شدہ شرائط پر کیے جاتے ہیں، جن کی منظوری کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے دی جاتی ہے۔ متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے لین دین کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

تعلق کی نوعیت	لین دین کی نوعیت	نوٹ	غیر آڈٹ شدہ ششماہی کے اختتام پر 30جون2026ء	30جون2025ء
			----------(ہزار روپے)--------	
پیرنٹ کمپنی	اداشدہ مقسومہ		676,318	845,398
معاون	پائپ لائن کے چارجز		606,029	410,370
	موصولہ مقسومہ–خالص ٹیکس		-	994,500
	دیگر		18,795	14,919
عملے کی ریٹائرمنٹ فنڈز				
معین فوائد پنشن فنڈز	اشتراک		7,338	6,027
معین اشتراک پنشن فنڈز	اشتراک		104,154	80,626
معین فوائد گریجویٹی فنڈز	اشتراک		2,303	1,798
پراویڈنٹ فنڈ	اشتراک		44,822	35,829
کلیدی انتظامی افراد	تنخواہیں اور ملازمت کے دیگر قلیل مدتی فوائد		115,523	49,895
	بعد از ریٹائرمنٹ فوائد		5,663	5,714
	طبی فوائد		1,183	1,208
نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز	میٹنگز میں شرکت کی فیس		11,379	7,369
دیگر	خریداریاں		294,416	205,060
	سیلز		1,453,070	81,815
	بینک چارجز		18,112	149,858
	سیونگ اکاؤنٹس پر سود		21,616	22,515
	عطیات		14,707	19,655
	لیگل چارجز		70	1,564
	ادا کی گئی سبسکرپشن		1,450	1,696
	گارنٹی فیس		34,003	-

		غیر آڈٹ شدہ اختتام ششماہی	
		30جون2026ء	30جون2025ء
		----------(ہزار روپے)----------	
18	**آپریشنز سے حاصل کی گئی / استعمال میں رقم**		
	آمدنی پر حتمی ٹیکس سے قبل منافع؛ کم از کم ٹیکس تفرق اور انکم ٹیکس	**3,460,942**	**3,761,509**
	غیر نقد اخراجات اور دیگر ایڈجسٹمنٹ:		
	آپریٹنگ اثاثوں پر فرسودگی	**1,216,518**	1,103,047
	آپریٹنگ اثاثوں کی قدر میں کمی کے لیے تموین / (استرداد)	**101,807**	(20,207)
	زیرِ تکمیل سرمایہ جاتی کام پر قدر میں کمی کے لیے تموین / (استرداد)	**85,469**	
	آپریٹنگ اثاثوں کی فروخت پر نقصان / (نفع)	**25,879**	(10,571)
	استعمال کے حق کے اثاثوں پر فرسودگی	**599,096**	492,737
	لیز کی تنسیخ پر نقصان / (نفع)	**(33,734)**	26,758
	جاری کام پر سرمائے کے استعمال پر منافع		(11,000)
	امورٹائزیشن چارجز	**384,150**	373,969
	متروک اور کم فروخت ہونے والے اسٹاک کے لیے (استرداد) / فراہمی	**(14,269)**	(134,919)
	تجارتی قرضوں کے ضرر کے لیے (استرداد) / فراہمی	**14,103**	41,432
	دیگر قابلِ وصول رقوم کی قدر میں کمی کے لیے مختص رقم	**2,726,390**	
	ملازمین کے فوائد سے متعلق اخراجات کی وصولی	**25,556**	14,272
	لیز واجبات پر سود کا اضافی جمع شدہ خرچ	**741,188**	557,941
	طویل مدتی واجبات پر سود کا اضافی جمع شدہ خرچ	**71,811**	78,795
	طویل مدتی تموین پر سود کا اضافی جمع شدہ خرچ	**186,161**	
	شرحِ مبادلہ میں تبدیلی کا اثر	**(14,942)**	39,872
	متعین فوائد کے منصوبوں کے لیے تموین	**11,872**	14,072
	گریجویٹی اور پنشن کی واجبات پر قرض گیری کی لاگت	**15,834**	12,984
	بعد از ملازمت واجبات کی تصفیے سے متعلق ایڈجسٹمنٹ کی واپسی	**—**	(5,699)
	پہلے سے طے شدہ ریٹائرمنٹ واجبات کے لیے تخمینی ایڈجسٹمنٹ	**(7,123)**	(2,928)
	طویل مدتی تموین پر منافع کی تخمینی ایڈجسٹمنٹ	**(15,303)**	
	معاون کمپنی کے منافع میں حصہ — ٹیکس کے بعد خالص	**(965,820)**	(1,120,767)
	مدت کے ذخائر پر سود	**(107,342)**	(36,973)
	ٹریژری بلز پر سود	**—**	(71,993)
	بچت کھاتوں پر سود	**(766,855)**	(667,810)
	شرعی اصولوں کے مطابق اوپن اینڈڈ میوچل فنڈز سے منافع	**—**	(108,225)
	خراب قرضوں کے لیے پرووژن کی واپسی	-	(97,937)
18.1	جاری سرمائے میں تبدیلیاں	**(4,992,903)**	9,812,708
		2,748,485	14,041,067

18.1 جاری سرمائے میں تبدیلیاں	غیر آڈٹ شدہ اختتام ششماہی 30جون2026ء	30جون2025ء
	----------(ہزار روپے)----------	
موجودہ اثاثوں میں کمی /(اضافہ)		
اسٹاک ان ٹریڈ	(6,792,798)	10,251,588
تجارتی قرضے	(2,966,196)	(1,105,112)
قرضے اور پیشگی ادائیگیاں	18,336	(2,228)
	(17,254)	(350,372)
قلیل مدتی ڈپازٹس اور پیشگی اخراجات	(4,378,185)	(148,533)
دیگر قابلِ وصول رقوم	(14,136,097)	8,645,343
موجودہ واجبات میں اضافہ /(کمی)		
صارفین سے وصول شدہ پیشگی رقم (معاہداتی واجبات)	8,833,214	1,139,855
تجارتی اور دیگر واجب الادا رقوم	309,980	27,510
	(4,992,903)	9,812,708

18.2 نقد اور اس کے مساوی نقدی	غیر آڈٹ شدہ اختتام ششماہی 30جون2026ء	30جون2025ء
	----------(ہزار روپے)----------	
بینک بیلنس	8,428,501	17,978,310
	-	3,010,963
ٹرم ڈپازٹس کی وصولیاں	-	6,062,519
	8,428,501	27,051,792

19 مالی انتظامِ خطر، مقاصد اور پالیسیاں

کمپنی کو اپنی سرگرمیوں کے ساتھ مختلف خطرات کا سامنا رہتا ہے۔ ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے انتظامِ خطر کی ان تمام معلومات اور انکشافات کا اظہار نہیں کیا گیا ہے جو سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے لیے درکار ہوتے ہیں اور جنھیں 31 دسمبر 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ گوشواروں کے ساتھ ملا کر پڑھنا ضروری ہے۔ سال کے اختتام سے اب تک کسی بھی انتظامِ خطر کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

20 آپریٹنگ زمرے

انتظامی مقاصد کے لیے، کمپنی کی سرگرمیوں کو ایک قابلِ اطلاع آپریٹنگ زمرے، یعنی لبری کیٹنگ آئلز سمیت پیٹرولیم مصنوعات کی مارکیٹنگ، میں منظم کیا گیا ہے، کیونکہ چیف آپریٹنگ فیصلہ ساز کمپنی کے آپریٹنگ نتائج کی نگرانی کرتا ہے۔ کمپنی مذکورہ قابلِ اطلاع آپریٹنگ زمرے میں مصنوعات کی نوعیت، متعلقہ خطرات اور منافع، تنظیمی و انتظامی ڈھانچے اور داخلی مالی اطلاع کے نظام کی بنیاد پر کام کرتی ہے۔ چنانچہ مالی گوشواروں میں اطلاع کردہ اعداد و شمار کمپنی کے واحد قابلِ اطلاع زمرے سے متعلق ہیں۔

کمپنی کی تمام فروخت پیٹرولیم مصنوعات، بشمول لبریکنٹ آئلز سے متعلق ہے۔

دورانِ مدت 30جون2026ء کے اختتام پر پاکستان میں صارفین کو کمپنی کی تمام سیلز 100 فیصد تھی (30جون2025ء: 100 فیصد)

رپورٹنگ کی تاریخوں تک کمپنی کے تمام نان کرنٹ اثاثے پاکستان میں واقع ہیں۔

دورانِ مدت 30جون2026ء کے اختتام پر بیس اہم صارفین کو سیلز تقریباً 14.14 فیصد تھی (30جون2025ء: 12.45 فیصد)۔

21 شرعی اصولوں کے منافی کاروباری سرگرمیوں میں ملوث نہ ہونے والی کمپنیوں کے لیے افشا سے متعلق تقاضے

ایکٹ کے چوتھے شیڈول کے تقاضوں کے مطابق، شریعت سے ہم آہنگ کاروبار کرنے والی کمپنیوں اور اسلامی انڈیکس میں لسٹڈ کمپنیوں کے لیے درج ذیل معلومات افشا کرنا لازم ہے:

		غیر آڈٹ شدہ	وضاحت	آڈٹ شدہ
21.1	**مالی صورتِ حال کا بیان**	30 جون 2026ء		31 دسمبر 2025ء
		----------(ہزار روپے)----------		
	اثاثے			
	طویل مدتی سرمایہ کاریاں	**6,941,886**	شریعت سے ہم آہنگ	5,976,066
	قلیل مدتی سرمایہ کاریاں	**–**	شریعت سے ہم آہنگ	2,675,828
	بینک بیلنس ـــ روایتی بینکوں کے بچت کھاتے	**20,091**	غیر شرعی	1,646,930
	بینک بیلنس ـــ اسلامی بینکوں کے بچت کھاتے	**7,153,836**	شریعت سے ہم آہنگ	6,691,489
	بینک بیلنس ـــ روایتی بینکوں کے جاری کھاتے	**31,948**	غیر شرعی	989,328
	بینک بیلنس ـــ اسلامی بینکوں کے جاری کھاتے	**1,222,628**	شریعت سے ہم آہنگ	9,216
	واجبات			
	طویل مدتی فنانسنگ	**–**	شریعت سے ہم آہنگ	–
	قلیل مدتی فنانسنگ	**–**	شرعی اصولوں کے مطابق	–
	روایتی قرضوں یا ایڈوانسز پر جمع شدہ سود یا مارک اَپ	**–**	غیر شرعی	–
	طویل مدتی لیز کی واجبات	**11,663,891**	غیر شرعی	10,605,608
	لیز واجبات کی موجودہ عرصیت	**450,434**	غیر شرعی	474,732
21.2	**نفع یا نقصان کا بیان**			
	شریعت سے ہم آہنگ کاروبار سے حاصل ہونے والی آمدنی	**303,041,056**	شریعت سے ہم آہنگ	221,700,028
	شریعت سے ہم آہنگ بینک بیلنس سے حاصل ہونے والا منافع	**699,873**	شریعت سے ہم آہنگ	—
	شریعت سے ہم آہنگ سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والا منافع اور مقسومہ	**107,342**	شریعت سے ہم آہنگ	123,055
	شریعت سے ہم آہنگ معاون کمپنیوں سے حاصل ہونے والے منافع میں حصہ	**965,820**	شریعت سے ہم آہنگ	1,120,767
	شرحِ مبادلہ سے حاصل ہونے والا منافع	**—**	شریعت سے ہم آہنگ	—
	روایتی مالی آلات کے ذریعے شرحِ مبادلہ سے حاصل ہونے والا منافع	**—**	غیر شرعی	—
	اسلامی طریقۂ فنانسنگ کے تحت ادا کردہ مارک اَپ	**—**	شریعت سے ہم آہنگ	—
	روایتی قرضوں یا ایڈوانسز پر حاصل ہونے والا سود	**—**	غیر شرعی	—
	تاخیر سے ادائیگی پر وصول کی گئی رقم یا ہرجانہ	**—**	غیر شرعی	—
21.3	**شریعت سے ہم آہنگ ذرائع سے حاصل ہونے والی دیگر آمدنی**			
	جائیداد، پلانٹ اور آلات کی فروخت سے حاصل ہونے والا منافع، خالص	**—**	شریعت سے ہم آہنگ	10,571
	اسکریپ کی فروخت	**—**	شریعت سے ہم آہنگ	—
21.4	**شریعہ کے مطابق ذرائع کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی**			
	غیر شرعی بینک بیلنس سے حاصل ہونے والا منافع	**66,982**	غیر شرعی	648,598
	غیر شرعی سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والا منافع اور ڈیویڈنڈ	**—**	غیر شرعی	113,348

21.5 **شریعت سے ہم آہنگ مالی اداروں کے ساتھ تعلقات**

کمپنی کے ایسے بینکوں کے ساتھ مالی تعلقات ہیں جن کے آپریشنز میں اسلامی بینکاری کی سہولت بھی شامل ہے۔ ان بینکوں میں کمپنی کے بینک بیلنس 8,376,464 ہزار روپے ہیں (31 دسمبر 2025ء: 6,700,705 ہزار روپے)، جبکہ ان سے کوئی قرض حاصل نہیں کیا گیا (31 دسمبر 2025ء: صفر)۔

22 عمومی

22.1 اعداد و شمار کو قریبی ہزار کے ساتھ راؤنڈ آف کیا گیا ہے، جب تک کہ دوسری صورت میں بیان نہ کیا گیا ہو۔

22.2 موازنے کے مقاصد کے لیے اور لین دین کی نوعیت کو ظاہر کرنے کے لیے، متعلقہ اعداد و شمار کو جہاں ضروری سمجھا گیا، دوبارہ ترتیب دیا گیا اور دوبارہ درجہ بند کیا گیا ہے۔ تاہم، رپورٹ کرنے کے لیے کوئی دوبارہ مادی درجہ بندی نہیں کی گئی۔

23 تاریخ منظوری

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے ان جامع عبوری مالی گوشواروں کے 27 اگست 2026ء کو اجرا کی منظوری دی گئی۔

ڈاکٹر عائشہ خان	زبیر شیخ	ضرار محمود
ڈائریکٹر	چیف ایگزیکٹو	چیف فنانشل آفیسر

شیئر ہولڈنگ کا نمونہ

یکم جنوری تا 30 جون 2026ء کے دوران

سی ڈی سی کے ذریعے ایگزیکٹوز کی جانب سے حصص میں تجارت

نام	عہدہ	لین دین کی تاریخ	حصص کی تعداد	لین دین کی نوعیت	شرح (روپے)
شہریار خالد	ایگزیکٹو	03 مارچ 2026ء	270	خریدے گئے	190.60
شہریار خالد	ایگزیکٹو	12 مارچ 2026ء	135	خریدے گئے	183.00
شہریار خالد	ایگزیکٹو	08 اپریل 2026ء	200	فروخت کیے	192.00
شہریار خالد	ایگزیکٹو	14 اپریل 2026ء	200	فروخت کیے	201.00

Wafi Energy Pakistan Limited
(formerly Shell Pakistan Limited)
6 Ch. Khaliquzzaman Road.
Karachi-75530
www.wafi-energy.com

